بسم اللہ الرحمن الرحیم

# کیا یہ بات درست ہے کہ منافق مرتد سے بدتر ہے؟

دارالافتاء اہلسنت (دعوت اسلامی)

## سوال

کیا یہ بات ٹھیک ہے کہ مشرک عام کافر سے، مرتد، مشرک سے اور منافق، مرتد سے بدتر ہے؟

## جواب

جو مرتد ہے وہ کافر اصلی سے بدتر ہے اگرچہ کافر اصلی مشرک ہی کیوں نہ ہو اور مرتد منافق سب سے بدتر ہے۔

فتاویٰ رضویہ میں ہے: "کافر مرتد وہ کہ کلمہ گو ہو کر کفر کرے اس کی بھی دو قسم ہیں: مجاہر و منافق۔ مرتد مجاہر وہ کہ پہلے مسلمان تھا پھر علانیہ اسلام سے پھر گیا کلمہ اسلام کا منکر ہو گیا چاہے دہریہ ہو جائے یا مشرک یا مجوسی یا کتابی کچھ بھی ہو۔ مرتد منافق وہ کہ کلمہ اسلام اب بھی پڑھتا ہے اپنے آپ کو مسلمان ہی کہتا ہے پھر اللہ عزوجل یا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم یا کسی نبی کی توہین کرتا یا ضروریات دین میں سے کسی شئے کا منکر ہے جیسے۔۔۔قادیانی، نیچری، چکڑالوی، جھوٹے صوفی کہ شریعت پر ہنستے ہیں، حکم دنیا میں سب سے بدتر مرتد ہیں۔۔۔مرتدوں میں سب سے بدتر مرتد منافق ہے۔" (فتاوی رضویہ، ج14، ص328، رضا فاؤنڈیشن، لاہور)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

مجیب: مولانا سید مسعود علی عطاری مدنی

فتویٰ نمبر: Web-2395

تاریخ اجرا: 16 صفر المظفر 1447ھ/11 اگست 2025ء

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)
www.fatwaqa.com
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net